© rasailojaraid.com



# فضائل ومسائل عشرہ ذی الحجہ وقربانی

فاروق الرحمٰن یزدانی مدرس جامعہ سلفیہ

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد :

اللہ تعالیٰ نے کائنات کے نظام کو وقت کے لحاظ سے 12 مہینوں میں تقسیم فرمایا ہے:

ان عدۃ الشھور عند اللہ اثنا عشر شھرا فی کتاب اللہ یوم خلق السمٰوٰت والارض ۔اوران میں سے چار مہینوں کواللہ کریم نے حرمت والاقرار دیا ہے:منھا اربعۃ حرم (التوبہ:٣٦) حرمت والے مہینوں میں سے ایک مہینہ ذوالحج کا ہے جو کہ سال کا آخری مہینہ ہے چونکہ شریعت اسلامیہ میں وقت کیلئے چاند کو معیار مقرر کیا گیا ہے: یسئلونک عن الاھلۃ قل ھی مواقیت للناس والحج (البقرہ:١٨٩)اسی لئے چاند کبھی بڑھتا ہےاور کبھی گھٹتا ہے جبکہ سورج تو ہر روز ایک جیسا ہی طلوع وغروب ہوتا ہے۔مسلمانوں کیلئے یہ بات بڑی سعادت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کیلئے سال کے پہلے مہینے محرم الحرام کو بھی حرمت والا بنایا ہےاور سال کے آخری مہینے ذوالحج کو بھی حرمت والاقرار دیا ہے۔اور پھر سال کے آخری مہینے کے پہلے عشرے میں نیکی کے عمل کو دوسرے دنوں کی بہ نسبت زیادہ اجروثواب کا باعث قرار دیا ہے تاکہ گذشتہ سارے سال میں جو اعمال صالحہ میں کمی رہ گئی ہے یا فرائض وواجبات میں کوتاہی ہوگئی ہے ایک مومن آدمی ان دس دنوں میں اس کی تلافی کی کوشش کرے۔اس لئے ہمیں بھی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے اس لطف و کرم سے فائدہ اٹھائیں اور عشرہ ذی الحجہ میں زیادہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کو معمول بنائیں۔

ذیل کی سطور میں عشرہ ذی الحجہ کے احکام بیان کئے جاتے ہیں تاکہ اس عشرہ کو کتاب و سنت کی روشنی میں گزارا جاسکے۔

## عشرہ ذی الحجہ کی فضیلت:

ذوالحجہ کا مہینہ محرم (حرمت والا) ہےاور حج کا مہینہ بھی ہے اس لحاظ سے اس کی بزرگی





© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دو قسم کی ہے: ایک حرمت کی وجہ سے اور دوسری حج کی وجہ سے۔ پھر اس مہینے کے پہلے دس دنوں کی فضیلت خصوصی طور پر ھادی کائنات، حضرت محمد ﷺ نے بیان فرمائی' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**ما العمل فی ایام افضل منها فی هذه. قالوا: ولا الجهاد؟ قال: ولا الجهاد الا رجل خرج یخاطر بنفسه وماله فلم یرجع بشئی (بخاری:۱/ ۱۳۲)**

ان دنوں کی نسبت دیگر دنوں میں عمل زیادہ فضیلت نہیں رکھتا، صحابہ کرام نے عرض کیا: جہاد بھی نہیں؟ فرمایا جہاد بھی نہیں۔ ہاں وہ آدمی جو اپنی جان و مال کو خطرے میں ڈال دے اور کسی چیز کے ساتھ واپس نہ لوٹے۔

عشرہ ذی الحجہ میں دوسری عبادت کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرنا چاہیے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**ما من ایام اعظم عند الله ولا احب الی الله العمل فیهن من التسبیح والتحمید والتهلیل والتکبیر (طبرانی)**

اللہ تعالیٰ کو کوئی دن زیادہ محبوب اور بڑا نہیں ہے عمل کے لحاظ سے ان دنوں کے علاوہ **سبحان اللہ، الحمدللہ، لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر** کہنے سے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ان دس دنوں میں اللہ تعالیٰ کا ذکر باقی دنوں کی نسبت کثرت سے کرنا چاہیے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ان دس دنوں میں خصوصی طور پر عبادت اور ذکر کا اہتمام فرمایا کرتے تھے۔

خود رسول اللہ ﷺ اس عشرہ کے روزے رکھا کرتے تھے۔

ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

**اربع لم یکن یدعهن النبی ﷺ صیام عاشور او العشر وثلثة ایام من کل شهر ورکعتین قبل الغداة (نسائی،۱/ ۲۶۸، کتاب الصیام)**

چار چیزیں رسول اللہ ﷺ کبھی نہیں چھوڑتے تھے۔ دسویں محرم کا روزہ، عشرہ ذی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الحجہ کے روزے، ہر ماہ کے تین روزے، فجر کی دو سنتیں۔

عشرہ ذی الحجہ کے روزوں سے ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مراد یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ یکم ذی الحجہ سے لیکر نو ذی الحجہ تک نو روزے نہیں چھوڑا کرتے تھے دس ذی الحجہ یوم عید الاضحیٰ کا روزہ رکھنے سے تو آپ ﷺ نے خود منع فرمایا ہے (ابوداؤد،۱/۳۳۵)

## عشرہ ذی الحجہ میں حجامت بنوانا

ذوالحج کا چاند نظر آنے کے بعد حجامت بنوانا، ناخن تراشنا منع ہے۔

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں:

**ان النبی ﷺ قال اذا رایتم ھلال ذی الحجۃ واراد احدکم ان یضحی فلیمسک عن شعرہ واظفارہ** (مسلم۲/۱۶۰، کتاب الاضاحی)

''جب تم ذی الحجہ کا چاند دیکھو اور تم میں سے کسی کا قربانی کرنے کا ارادہ ہو تو وہ اپنے بال اور ناخن نہ کٹوائے۔''

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جن لوگوں نے قربانی کرنی ہو وہ ان دس دنوں میں حجامت وغیرہ نہ بنوائیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں:

**ان النبی ﷺ قال امرت بیوم الاضحی عید اجعلہ اللہ لھذہ الامۃ قال الرجل ارأیت ان لم اجد الا منیحۃ انثی افاضحی بھا قال لا ولکن تاخذ من شعرک واظفارک وتقص شاربک وتحلق عانتک فتلک تمام اضحیتک عند اللہ** (ابوداؤد،۲/۲۹، کتاب الضحایا)

''بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں قربانی کے دن کو عید کا دن بناؤں جسے اللہ تعالیٰ نے اس امت کیلئے عید کا دن بنایا ہے۔ تو ایک آدمی نے کہا کہ آپ کا کیا حکم ہے اگر مجھے قربانی کا جانور نہ ملے تو میں ایک دودھ دینے والا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جانور قربانی کردوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں! تو اپنے بال اور ناخن کٹوالے، اپنی مونچھیں کٹوالے اور زیر ناف بال صاف کر لے تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک پوری قربانی ہے۔''

## عرفہ کا روزہ اور اس کا ثواب

عرفہ یعنی (۹) ذی الحجہ کا روزہ رکھنا رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے اور اس روزہ کی رسول اللہ ﷺ نے بہت فضیلت بیان فرمائی ہے۔ صحیح مسلم میں حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سئل عن صوم يوم عرفة فقال يكفر السنة الماضية والباقية**

(مسلم ۱/۳۶۸، کتاب الصیام)

''رسول اللہ ﷺ سے عرفہ کے دن کے روزے سے متعلق سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس سے ایک سال گذشتہ اور ایک سال آنے والے کے گناہ اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتے ہیں۔''

اور رسول اللہ ﷺ خود بھی عرفہ (۹ ذی الحجہ) کا روزہ رکھا کرتے تھے۔

سنن ابی داؤد میں روایت ہے:

**كان رسول الله ﷺ يصوم تسع ذي الحجة ويوم عاشوراء وثلاثة ايام من كل شهر......الخ** (ابوداؤد، ۱/۳۳۸، کتاب الصوم)

''رسول اللہ ﷺ ذی الحجہ کے نو اور عاشورہ (۱۰ محرم) اور ہر مہینے کے تین دن روزہ رکھتے تھے۔''

اس لئے ہمیں بھی چاہئے کہ ہم یہ اجر وثواب حاصل کرنے کیلئے روزہ رکھیں۔ لیکن جن کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی ہے اور وہ حج کیلئے گئے ہیں تو وہ عرفات کے میدان میں روزہ نہ رکھیں کیونکہ امام اعظم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے اس موقعہ پر روزہ نہیں رکھا تھا۔

حضرت ام فضل بنت الحارث بیان کرتی ہیں کہ لوگوں نے اس کے پاس شک کیا رسول



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللہ ﷺ کے روزے متعلق کہ آپ نے عرفات میں رکھا ہے یا نہیں؟ وھو واقف علی بعیرہ بعرفۃ فشربہ (بخاری ومسلم) ''تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دودھ کا ایک پیالہ بھیجا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پی لیا'' اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفات کے میدان میں 9 ذی الحجہ کو روزہ نہیں رکھا تھا۔

## قربانی

دس ذی الحجہ کے دن ایک بڑا عمل قربانی کا ہے۔ رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ میں دس سال رہے اور آپ ﷺ ہر سال قربانی کیا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں۔

اقام رسول اللہ ﷺ بالمدینۃ عشر سنین یضحی

(ترمذی: ۱/ ۲۷۷، ابواب الاضاحی)

## قربانی کیا ہے؟

لفظ قربان، بُرھان اور سُلطان کی طرح اسم ہے یا عُدوان اور خُسران کے وزن پر مصدر ہے۔ اور یہ لفظ ہر اس نیکی کے کام پر بولا جاتا ہے جس نیک عمل کے ذریعے بندہ اللہ تعالیٰ کا قرب تلاش کرتا ہے۔ عید الاضحیٰ کے موقعہ پر مسلمان اپنے جانوروں کو ذبح کر کے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرتے ہیں اس لئے اس عمل کو قربانی کہا جاتا ہے۔

## قربانی کی فضیلت

10 ذی الحجہ کو جانوروں کی قربانی کرنا ایک عظیم عمل ہے۔ جس کا اندازہ اس بات سے کرنا کوئی مشکل نہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہر سال قربانی کیا کرتے تھے اور ایک روایت کے مطابق آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص باوجود طاقت کے قربانی نہیں کرتا وہ مسلمانوں کی عیدگاہ میں نہ آئے۔

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں قال رسول اللہ ﷺ من کان لہ سعۃ ولم یضح فلا یقربن مصلانا رواہ احمد و ابن ماجہ و صححہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الحاکم لکن رجح الائمة غیرہ وقفه (بلوغ المرام ص ۴۰۵ باب الاضاحی)

اس لیے ہمیں بھی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے توفیق دی ہے تو اس نیکی کے کرنے میں کوتاہی نہیں کرنی چاہیے فرض نہ بھی ہو تو بہت زیادہ اجر و ثوب والا عمل ہے۔

اس عمل پر اللہ تعالیٰ نے بہت بڑا اجر رکھا ہے۔

ھادی کائنات حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

**ما عمل ادمی من عمل یوم النحر احب الی اللہ من اهراق الدم انه لیاتی یوم القیامة بقرونها و اشعارها و اظلافها و ان الدم لیقع من اللہ بمکان قبل ان یقع من الارض فطیبوا بها نفسا.** (ترمذی: ۱/ ۲۷۵، ابواب الاضاحی)

''قربانی کے دن کسی آدمی کا کوئی عمل بھی قربانی کے عمل سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب نہیں ۔ بے شک قیامت کے دن قربانی کے جانور کو اس کے سینگوں ، بالوں ، اور کھریوں سمیت لایا جائے گا۔ (اور ہر ایک چیز کے بدلے اجر و ثواب دیا جائیگا) اور بے شک (قربانی کے جانور کا) خون زمین پر گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے ہاں قبول ہو جاتا ہے۔ تو تم اس کے ساتھ جانوں کو پاکیزہ کرو۔''

## قربانی کا جانور کیسا ہو؟

قربانی کا جانور صحیح سلامت اور بے عیب ہونا چاہیے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**ان افضل الضحایا اغلاها و اسمنها** (مسند احمد ص ۳/ ۴۲۴)

''بہترین قربانی اس جانور کی ہے جو قیمتی اور دوسرے جانوروں سے موٹا تازہ ہو۔

عیب دار جانور کی قربانی جائز نہیں۔ بعض عیوب کو رسول کریم ﷺ نے مختلف احادیث میں بیان فرمایا ہے، مثلاً:

ا۔ لنگڑا۔ جس کا لنگڑا پن واضح ہو۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۔ کانا۔ جس کی آنکھ کا نقصان ظاہر ہو۔

۳۔ بوڑھا۔ جس کی ہڈیوں میں مغز باقی نہ رہے۔

۴۔ بیمار۔ جس کی کوئی بھی بیماری واضح ہو۔

۵۔ جس کا کان اگلی طرف سے کٹا ہوا ہو۔

۶۔ جس کا کان پچھلی طرف سے کٹا ہوا ہو۔

۷۔ جس کا کان لمبائی میں چیرا ہوا ہو۔

۸۔ جس کے کان میں گول سوراخ ہو۔

۹۔ جس کا کان یا سینگ کٹا ہوا یا ٹوٹا ہوا ہو۔ (جس جانور کے کان یا سینگ قدرتی طور پر نہ ہوں اس کی قربانی جائز ہے)

۱۰۔ بہت کمزور جو دوسروں کے ساتھ برابر نہ چل سکتا ہو۔

اس لئے ان عیوب میں سے کسی ایک عیب والا جانور بھی قربانی نہیں کرنا چاہیئے۔ بلکہ صحیح سلامت اور صحت مند جانور کی قربانی کرنی چاہیے۔

## قربانی کے جانور کی عمر

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے تبھی اللہ کریم عزوجل نے اس کی تکمیل کا اعلان فرمایا کہ:

الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا (المائدہ:۳)

رسول اللہ ﷺ نے جہاں قربانی کے دوسرے مسائل بیان فرمائے وہاں قربانی کے جانور کی عمر کا مسئلہ بھی بیان فرمایا۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں۔ قال رسول اللہ ﷺ لا تذبحوا الا مسنۃ الا ان یعسر علیکم فتذبحوا جذعۃ من الضان (مسلم:۲/۱۵۵، کتاب الاضاحی)

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نہ ذبح کرو تم مگر دو دانت والا مگر یہ کہ تم پر دشوار کر دیا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جائے تو ضان (بھیڑ کی نسل) سے جذعہ (کھیرا) ذبح کرلو۔"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قربانی کا جانور مُسِنّہ (دو دانت والا یا اس سے اوپر) ہونا ضروری ہے۔ خواہ وہ اونٹ، گائے، بھیڑ، بکری میں سے کوئی بھی جانور ہو۔ البتہ اگر کسی شخص کو قربانی کا جانور نہیں مل سکا اور قربانی کے دن گزر رہے ہیں۔ تو وہ اس مجبوری کی حالت میں صرف بھیڑ کی نسل (دنبہ، چھترا) سے ہی قربانی کیلئے جذعہ ذبح کرسکتا ہے۔ اونٹ، گائے اور بکری، مذکر یا مونث مجبوری کی حالت میں بھی مسنہ کے علاوہ قربانی نہیں کرسکتا۔

حدیث میں جو لفظ مُسِنّہ اور جذعہ بیان ہوئے ہیں "بعض الناس" مختلف اقوال اور لغوی موشگافیوں کا چکمہ دیتے ہوئے غلط (خلاف حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) فتویٰ جاری کردیتے ہیں اور لوگوں کی قربانیاں ضائع کروادیتے ہیں

ذیل کی سطور میں مُسِنّہ اور جذعہ کا معنی و مفہوم بیان کیا جاتا ہے تا کہ بات واضح ہوجائے اور قارئین کو مسئلہ سمجھنے میں آسانی رہے۔

**مسنّہ** مُسِنّہ کا معنی ہے دو دانت والا یا اوپر والا (یعنی تین، چار دانت گرانے والا وغیرہ) اسے بعض کے نزدیک "دوندا" کہا جاتا ہے اور اس سے مراد وہ جانور ہے جو اپنے دودھ کے دانت گرا دے اور اس کے سامنے والے دانت نئے نکل آئے ہوں۔ البتہ یہ مُسِنّہ کی کم از کم عمر ہے اس سے زیادہ عمر والا مثلاً جو چار دانت گرادے "چوگا" یا چھ دانت گرادے "چھگا" وہ بھی مُسِنّہ میں داخل ہیں لیکن اس کے لیے کم از کم "دوندا" ہونا ضروری ہے۔ ذیل میں اس معنی کو اہل لغت اور آئمہ و محدثین عظام سے بیان کیا جاتا ہے۔

**امام نووی رحمۃ اللہ علیہ** فرماتے ہیں المسنة هی الثنية من كل شئی من الابل والبقر والمعز والضان فما فوقها (شرح صحیح مسلم ص155/2) دو دانت والا ہر شی سے اونٹ اور گائے اور بکری اور بھیڑ سے یا اس سے اوپر دانت والا مُسِنّہ ہے (یعنی بڑا)

**امام شوکانی رحمۃ اللہ علیہ** فرماتے ہیں قال العلماء



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



المُسِنَّہ هی الثنية من كل شئی من الابل والبقر و المعز والضان فما فوقها (نیل الاوطار ص202/5)

علماء کرام فرماتے ہیں دو دانت والا ہر قسم کے جانوروں سے اونٹ اور گائے اور بکری اور بھیڑ سے یا اس سے اوپر دانت والا مُسِنَّہ ہوتا ہے۔

مشہور امام لغت **علامہ مجدالدین فیروز آبادی** فرماتے ہیں واسن کبرت سنه كا ستسن و نبت سنه (القاموس المحیط ص236/4 باب النون فصل السین) اسن استسن کی طرح ہے یعنی عمر بڑی ہوگئی اور اس کا دانت نکل آیا۔

اسی عبارت کی تشریح کرتے ہوئے **علامہ محمد مرتضیٰ الزبیدی** مزید وضاحت فرماتے ہیں (کبرت سنه) فهو مسن (کاستسن و) يقال اسن البعير اذا (نبت سنه) الذی یصیر به مسنا من الدواب (تاج العروس ص243/9) اور اس کا معنی ہے اس کی عمر بڑی ہوگئی تو وہ مُسِنَّہ ہے جیسا کہ استسن ہے اور اسن البعير اس وقت کہا جاتا ہے جب اس کا دانت اُگ آئے اور وہ اس کے ساتھ مُسِنَّہ ہو جاتا ہے چوپاؤں میں سے۔

**امام ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ** فرماتے ہیں قال اهل اللغة المسن الثنی الذی يلقى سنه (فتح الباری ص 11/10)

اہل لغت کہتے ہیں مُسِنَّہ وہ ثنی (دو دانت والا) ہے جو اپنے دانت گرا دے۔

**علامہ محمد طاہر حنفی** فرماتے ہیں المسنة تقع على البقرة والشاة اذا اثنيا ويثنيان فی السنة الثالثة وليس معنى اسنانها كبرها كالرجل المسن ولكن معناه طلوع سنها فی السنة الثالثة (مجمع البحار ص148/2)

مُسِنَّہ کا اطلاق گائے، بکری پر اس وقت ہوتا ہے جب وہ دو دانت والا ہو جائے اور یہ تیسرے سال میں دو دانت والے (دوندے) ہوتے ہیں اور یہاں اسنان کا معنی عمر میں بڑا ہونا نہیں جیسا کہ آدمی کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے لیکن یہاں پر اس کا معنی ہے دانت کا اُگ آنا (نکل آنا) اور یہ تیسرے سال میں ہوتا ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**ابن عابدین شامی حنفی** فرماتے ہیں قوله مسن بضم الميم وكسر السين ماخوذ من الاسنان وهو طلوع السن في هذه السنة (رد المحتار ص 24/2، مرعاة المفاتيح ص 352/2) اس کا کہنا مسن میم کے ضمہ اور سین کے کسرہ کے ساتھ اسنان سے ماخوذ ہے اور اسنان کا معنی ہے اس سال میں دانت کا اُگ آنا۔

**شیخ عبدالحق محدث دھلوی** فرماتے ہیں وجہ تسمیہ بمسنه ان است که وی می اندازد دو دندان پیش را که ان را ثنایا گویند درین عمر (اشعة اللمعات ص 538/1) مُسِنّہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس عمر میں اس کے سامنے والے دو دانت نکل آتے ہیں ان کو ''ثنایا سامنے والے دو دانت'' کہا جاتا ہے۔

اس ساری بحث سے یہ بات واضح ہوئی کہ مُسِنّہ وہ جانور ہوتا ہے جس کے دودھ کے سامنے والے دو دانت گر گئے ہوں اور ان کی جگہ نئے دانت نکل آئے ہوں اب یہ جس بھی عمر میں ہوگا اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا لہٰذا جو بھی مختلف اقوال ذکر کیے جاتے ہیں ان میں اختلاف صرف آب و ہوا یا جنس کی وجہ سے ہے لیکن اصول وضابطہ تو یہی ہے کہ دوندا یا بڑا ہو تو مُسِنّہ کہلائے گا ورنہ نہیں۔

بعض لوگ مُسِنّہ کا معنی کرتے ہیں ایک سال والا جانور جبکہ مُسِنّہ کا یہ معنی درست نہیں کیونکہ یہ حکم (مُسِنّہ ہونا) عام ہے جو قربانی کے سب جانوروں کو شامل ہے اور یہ تبھی ہوسکتا ہے اگر مُسِنّہ کا معنی دو دانت والا (دوندا یا اس سے بڑا) کیا جائے۔ اگر ایک سال کا معنی کیا جائے تو پھر اونٹ اور گائے کی عمر کے بارے میں کوئی دلیل نہیں کہ ان کی عمر ایک سال سے زائد ہو جبکہ اونٹ اور گائے ایک سال عمر والی کی قربانی وہ حضرات بھی نہ مانتے ہیں اور نہ ماننے کے لیے تیار ہیں۔ بلکہ کہتے ہیں کہ گائے دو سال کی اور اونٹ پانچ سال کا ہو۔ حالانکہ یہ بھی غلط ہے کیونکہ قربانی کے جانور کی عمر حدیث میں بیان نہیں ہوئی بلکہ اس کا مُسِنّہ ہونا بیان کیا گیا ہے اور مُسِنّہ تو کم از کم صرف ''دوندا'' ہی کہلائے گا۔

ایک دفعہ یہی سوال جب ہم نے اپنے علاقہ کے نامی گرامی حنفی دیوبندی قاری محمد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یوسف صاحب مہتمم جامعہ مدنیہ منڈی صفدرآباد وصدر مدرس جامعہ فاروقیہ شیخوپورہ سے کیا تو جواب نہ ہونے کی صورت میں انہوں نے یہ فرمایا کہ آپ اہل حدیث ہیں آپ حدیث پر عمل کریں۔ ہم حنفی ہیں ہم فقہ حنفی پر عمل کریں گے انا للہ وانا الیہ راجعون (اللہ اکبر۔ مخالف بھی یہ تسلیم کرتے ہیں کہ حدیث پر عمل تو اہل حدیث ہی کرتے ہیں۔ فللہ الحمد) یہاں مجھے ایک واقعہ یاد آیا' سلطان المناظرین حافظ عبدالقادر روپڑی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے سوال کیا کہ بکرا اگر گھر میں پالا ہوا ہو اوراس کی عمر ایک سال ہونے کا پختہ یقین بھی ہو تو کیا قربانی ہوسکتا ہے؟۔ حضرت حافظ صاحب مرحوم نے فرمایا' اگر بکرا ہو آدم علیہ السلام کے زمانے کا اور جبریل علیہ السلام اسے جنت میں چراتے رہے ہوں اگر آج بھی دوندا نہیں ہوا تو اس کی قربانی نہیں ہوگی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تذبحوا الا مسنة اس واقعہ پر ان لوگوں کو غور کرنا چاہیے جو یہ عذر تراش لیتے ہیں کہ یہ تو اپنے گھر کا پالا ہوا جانور ہے۔

**جذعہ**: مُسِنَّہ کی تعریف کے بعد جذعہ کے متعلق آئمہ محدثین واہل لغت کے اقوال پیش کیے جاتے ہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا الا ان یعسر علیکم فتذبحوا جذعة من الضان اگر تنگی' مشکل ودشواری ہو تو ضان (بھیڑ) کی نسل سے جذعہ (قربانی کے لیے) ذبح کرلو۔

بعض لوگ جذعہ کے متعلق مختلف اقوال کو بنیاد بنا کر لوگوں کو چھ ماہ تک کے جانور کی قربانی کی اجازت دے دیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ جذعہ والی رخصت پر عمل کیا گیا ہے حالانکہ جذعہ کم ازکم ایک سال کی عمر کے جانور کو کہتے ہیں۔

قارئین یادرکھیں کہ جذعہ کے متعلق مختلف اقوال موجود ہیں

لیکن دیکھنا یہ ہے کہ ان میں سے صحیح ترین قول کون سا ہے؟ تو آیئے سب سے پہلے آئمہ لغت سے معلوم کرتے ہیں کیونکہ کسی بھی چیز کو یا کسی بھی لفظ کے معنی کو اہل لغت دوسروں کی بہ نسبت بہتر جانتے ہوتے ہیں کہ اس لفظ کا معنی ومفہوم کیا ہے؟

چنانچہ معروف لغت دان **مجد الدین فیروز آبادی** فرماتے ہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الجذع محركة قبل الثني وهي بهاء اسم له في زمن وليس بسن تنبت اوتسقط والشاب الحدث (القاموس المحيط ص 12/3 )

یعنی جذع ثنی (دوندے) سے پہلے عمر والے کو کہا جاتا ہے جبکہ اس کے دانت نہ گرے ہوں اور نہ ہی اُگے ہوں (بلکہ) نوجوان ہو اس کی تشریح کرتے ہوئے **علامہ محمد مرتضیٰ الزبیدی** فرماتے ہیں الجذع محركة قبل الثني كما في الصحاح وقال الليث الجذع من الدواب والانعام قبل ان يثني بسنه وهو اول مايستطاع ركوبه والا نتفاع به (تاج العروس ص 297/5) جذعہ ثنی سے پہلی عمر والا ہوتا ہے لیث کہتے ہیں کہ جانوروں اور چوپاؤں سے جذعہ وہ ہے جو ابھی دوندانہ ہو وہ سواری کے قابل اور بار برداری وغیرہ کے لیے نفع کے قابل ہونے کی ابتداء میں ہو۔

**امام ابن اثیر** فرماتے ہیں من الضان ماتمت له سنة (النهاية ص 202/5) بھیڑ کی نسل سے جذعہ وہ ہوتا ہے جس کی عمر کا ایک سال مکمل ہو جائے۔ یہی بات ابن اثیر کے حوالہ سے امام عبدالرحمٰن محدث مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی تحفة الاحوذی ص 355/2 ابواب الاضاحی میں بیان فرمائی ہے۔

دیوبندی مکتبہ فکر کے بہت بڑے بزرگ **مولانا خلیل احمد سہارنپوری** فاضل دیوبند جذعہ کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں في اللغة ماتمت له سنة (بذل المجہود ص 71/5 کتاب الضحایا) کہ لغت میں جذعہ ایک مکمل سال کی عمر والا ہوتا ہے۔

یہاں پر سہارنپوری صاحب ہدایہ کے حوالہ سے جذعہ کی تعریف کرتے ہیں کہ وہ چھ ماہ کا ہو لیکن اس میں اس وضاحت کا بھی ذکر ہے کہ یہ معنی شرعی ہے لغوی نہیں کیونکہ اہل لغت تو ایک سال کے جانور کو جذعہ مانتے ہیں۔

قارئین ذی وقار! اب آپ غور کریں کہ یہ شرعی کیسے ہو گیا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اقوال وافعال سے یہ تعین ہے کہ جذعہ چھ ماہ کا ہوتا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے نہیں ہرگز نہیں بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو عمر کا ذکر کرنے کی بجائے جذعہ کا لفظ بولا ہے۔ اب جذعہ کا معنی وہی ہوگا جو اہل لغت کے ہاں معروف ہوگا اور شرعاً بھی وہی معنی معتبر ہوگا۔ حضرات احناف کا کسی خود ساختہ قانون واصول کو شرعی کہہ دینے سے وہ مسئلہ شرعی نہیں ہو جاتا۔ ہاں! احناف کی شریعت کی بات الگ ہے۔

بلکہ صاحب کفایہ نے تو اس سے بھی واضح بات کہہ دی فرماتے ہیں قیل بمذهب الفقهاء احترازا عن قول اهل اللغة (کفایہ 24/4) یہ بات کہ ایک سال سے کم کا بھیڑ کا بچہ جذعہ ہوتا ہے فقہاء کے مذہب کے مطابق کہی گئی ہے اہل لغت کے قول سے بچتے ہوئے (کیونکہ اہل لغت تو ایک سال مکمل ہونے پر جذعہ مانتے ہیں جیسا کہ القاموس المحیط اور تاج العروس کے حوالہ سے اوپر گزرا ہے اور جس کی تصدیق مولانا خلیل احمد سہارنپوری حنفی دیوبندی اور ہدایہ کی شرح کفایہ سے ہو چکی ہے۔ اب مزید ایک اور شہادت ملاحظہ فرمائیں۔ علامہ محمد طاہر حنفی اپنی کتاب مجمع البحار میں فرماتے ہیں الجذع من الضان ماتمت له سنة (مجمع البحار ص 181/1) بھیڑ کی نسل سے جذعہ وہ ہے جس کی عمر کا ایک سال مکمل ہو گیا۔

## حافظ ابن حجر رحمة الله عليه شارح صحيح بخاری

فرماتے ہیں واختلف القائلون باجزاء الجذع من الضان وهم الجمهور فی سنه علی آراء احدها انه ما اكمل سنة و دخل فی الثانية وهو الاصح عندالشافعية وهو الاشهر عنداهل اللغة وغيرهم (فتح الباری شرح صحیح بخاری ص 12/10 کتاب الاضاحی) بھیڑ کے جذعہ کے قربانی میں کافی ہونے کو کہنے والے (علماء کرام) نے جذعہ میں کئی آراء پر اختلاف کیا ہے وہ (قائلون) جمہور ہیں ایک رائے یہ ہے کہ (جذعہ وہ ہوتا ہے) جو ایک سال مکمل کرلے اور دوسرے سال میں داخل ہو شافعیہ کے ہاں یہ زیادہ درست ہے اور اہل لغت وغیرہ کے ہاں زیادہ مشہور ہے۔

**امام نووی شارح صحیح مسلم** ۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ جذعہ کی بحث کرتے ہوئے مختلف اقوال ذکر کرتے ہیں لیکن اپنا فیصلہ ان الفاظ میں سناتے ہیں الجذع



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



من الضان ماله سنة تامة هذا هو الاصح عندا صحابنا وهو الا شهر عند اهل اللغة وغيرهم (صحیح مسلم مع شرح نووی ص 155/2) ضان (بھیڑ) کی نسل سے جذعہ وہ ہوتا ہے جو مکمل ایک سال کا ہو یہی بات زیادہ صحیح ہے ہمارے اصحاب کے ہاں اور زیادہ مشہور ہے اہل لغت وغیرہ کے نزدیک۔

**امام شوکانی رحمة الله علیه** فرماتے ہیں۔ الجذع من الضان ماله سنة تامة هذا هو الاشهر عند اهل اللغة وجمهور اهل العلم من غيرهم (نیل الاوطار ص 202/5 بھیڑ کی نسل سے جذعہ وہ ہے جس کے لیے پورا ایک سال ہو چکا ہو۔ یہی بات جمہور اہل علم اور اہل لغت کے ہاں زیادہ مشہور ہے۔

**امام ابن حزم رحمة الله علیه** فرماتے ہیں الجذع من الضان والماعز والظباء والبقر هو ما اتم عاما كاملا ودخل فی الثانی من اعوامه فلا يزال جذعا حتی يتم عامين و يدخل فی الثالث (المحلی ص 361/7) بھیڑ، بکری، ہرنی اور گائے کی نسل سے جذعہ وہ ہے جو ایک سال مکمل کر لے اور دوسرے سال میں داخل ہو جائے اپنی عمر کے سالوں سے تو وہ جذعہ ہی رہتا ہے حتی کہ وہ دو سال مکمل کر کے تیسرے میں داخل ہو جائے۔

## خصی جانور کی قربانی

بعض لوگ خصی جانور کی قربانی جائز نہیں سمجھتے کیونکہ وہ جانور کا خصی ہونا بھی عیب شمار کرتے ہیں۔ حالانکہ خصی ہونا عیب نہیں بلکہ یہ تو مفید ہوتا ہے جیسا کہ امام ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

ليس هذا عيبا لان الخصاء يفيد اللحم طيبا وينفى عنه الذهومة وسوء الرائحة (فتح الباری: ۱۰/۱۰)

"جانور کا خصی کرنا عیب نہیں بلکہ بعض وجوہ سے مفید ہے کہ گوشت پاکیزہ بہترین اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بدبو سے پاک ہوجاتا ہے۔"

پھر رسول اللہ ﷺ نے خود خصی جانور کی قربانی کی ہے اگر جانور کا خصی ہونا عیب ہوتا تو امام الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کبھی بھی خصی جانور کی قربانی نہ کرتے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں۔

**ذبح النبی یوم الذبح کبشین اقرنین املحین موجوئین......الخ**

(ابوداؤد:۲/۳۰، کتاب الضحایا)

"رسول اللہ ﷺ نے ذبح کے دن دو مینڈھے سینگوں والے سفید سیاہی مائل خصی ذبح کیے۔"

## قربانی کا وقت

دین اسلام میں تمام اوامر ونواہی کا صرف ایک ہی مقصد ہے کہ بندہ میں اطاعت وفرمانبرداری کا جذبہ دیکھا جائے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے حدود وقیود مقرر فرمادی ہیں۔ ایک مومن مسلمان کی شان یہی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود وقیود کی پابندی کرے۔

جس طرح شریعت اسلامیہ میں قربانی کے متعلق دوسرے مسائل بیان کردیئے گئے ہیں اسی طرح قربانی کا وقت بھی بیان فرمادیا گیا ہے یہ عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کرنے کے بعد ہی کی جا سکتی ہے اس سے پہلے نہیں۔ کیونکہ اس دن کو یوم الاضحیٰ کہا ہی اس لئے جاتا ہے کہ اس دن اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے جانوروں کو ذبح کیا جاتا ہے۔ بعض لوگ اس کو یوم الضحیٰ بھی لکھ دیتے ہیں جو کہ درست نہیں کیونکہ اُضحیٰ کا لفظ اضحاۃ کی جمع ہے جس طرح ارطاۃ کی جمع ارطیٰ آتی ہے۔

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں **سمعت النبی ﷺ یخطب فقال ان اول مانبدا من یومنا هذا ان نصلی ثم نرجع فننحر فمن فعل فقد اصاب سنتنا ومن نحر فانما هو لحم یقدمه لا هله لیس من النسک فی شیء**

(بخاری:۲/۸۳۴، کتاب الاضاحی)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



''میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ خطبہ دیتے ہوئے فرما رہے تھے کہ پہلا کام جو ہم نے آج کے دن کرنا ہے یہ ہے کہ ہم نماز پڑھیں گے پھر واپس لوٹیں گے اور قربانی کریں گے تو جس شخص نے ایسا کیا اس نے تو ہماری سنت پر عمل کیا اور جس نے (نماز سے پہلے) قربانی کر لی اس کی کوئی قربانی نہیں بلکہ صرف گوشت ہی ہے جو اس نے اپنے گھر والوں کو پیش کر دیا۔''

یہ بات سن کر حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اللہ کے رسول ﷺ میں نے تو نماز پڑھنے سے پہلے قربانی کر لی ہے تو آپ ﷺ نے انہیں دوبارہ قربانی کرنے کا حکم فرمایا ایک دوسری روایت میں ہے حضرت جندب بن سفیان البجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں

**شھدت النبی ﷺ یوم النحر فقال من ذبح قبل الصلوٰۃ فلیعد مکانھا اخری ومن لم یذبح فلیذبح** (بخاری:۲/۸۳۴، کتاب الاضاحی)

''ایک دفعہ میں قربانی کے دن رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے نماز سے پہلے قربانی کے جانور کو ذبح کر لیا وہ اس کی جگہ دوسرا قربانی کا جانور ذبح کرے اور جس نے قربانی نہیں کی وہ اب (نماز کے بعد) ذبح کر لے۔''

ان احادیث مبارکہ سے یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ قربانی کا وقت عید الاضحیٰ کی نماز کے بعد شروع ہوتا ہے۔ اس میں کسی شہری یا دیہاتی کی کوئی تقسیم نہیں ہے۔ یہ حکم سب مسلمانوں کو عام ہے جیسا کہ ایک اور حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ **من صلی صلاتنا واستقبل قبلتنا فلا یذبح حتی ینصرف** (بخاری:۲/۸۳۴، کتاب الاضاحی)

''جو شخص ہماری نماز کی طرح نماز پڑھتا ہے اور ہمارے قبلہ کو اپنا قبلہ بناتا ہے۔ (یعنی مسلمان ہے) تو وہ عید کی نماز سے پہلے قربانی کا جانور ذبح نہ کرے۔''

یہ فرمان رسول اللہ ﷺ کس قدر واضح ہے کہ جو شخص مسلمان ہونے کا دعویدار ہے وہ عید کی نماز سے قبل قربانی نہیں کر سکتا مگر افسوس ہے بعض نام نہاد مسلمانوں پر کہ انہوں نے یہ تقسیم کر دی کہ شہری لوگ تو نماز سے پہلے قربانی نہیں کر سکتے البتہ دیہاتی لوگ نماز سے پہلے قربانی کر سکتے ہیں۔ پھر اس کیلئے شہری لوگ اپنے جانور رات کو یا اس سے پہلے قریبی دیہات میں بھیج دیتے ہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہاں صبح سویرے جانور ذبح کرکے گوشت بنا کر شہروں میں لے آتے ہیں اس طرح وہ نماز سے پہلے یا نماز کے فورا بعد گوشت سے لطف اندوز ہوتے ہیں فرمان پیغمبر ﷺ کے مطابق ان کو قربانی کا اجروثواب بالکل نہیں ملے گا صرف گوشت تھا جو ان لوگوں نے کھالیا ہے اور بس۔

اس لئے میری ان سادہ لوح لوگوں سے گزارش ہے کہ ان لوگوں کے بہکاوے میں آکر ہرگز ہرگز اپنی خون پسینے کی کمائی سے خریدی ہوئی قربانیاں ضائع نہ کریں کیونکہ شریعت کے حکم کو کسی مفتی کا فتویٰ، مجتہد کا اجتہاد، فقیہہ کی فقاہت، خطیب کی خطابت، امام کی امامت، عالم کا علم اور واعظ کا وعظ، ختم یا تبدیل نہیں کرسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین اسلام کے اوامرونواہی پر ان کی روح کے مطابق عمل کی توفیق فرمائے اور قرآن وحدیث کی مخالفت خفی یا جلی سے محفوظ رکھے (آمین۔)

## قربانی کتنے دن تک ہوسکتی ہے؟

قربانی اگرچہ پہلے دن کرنا افضل ہے

لیکن اس کی اجازت چار دن تک ہے ایک (۱۰) ذی الحجہ کا دن اور تین دن اس کے بعد (۱۱،۱۲،۱۳ ذی الحجہ تک قربانی کرنا درست ہے) کیونکہ عید کے دن کے بعد تین دن ایام تشریق ہیں اور ہادی کائنات امام اعظم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: التشریق کلھا ذبح (دارقطنی) ''ایام تشریق سارے کے سارے ذبح کے دن ہیں۔'' اس لئے اگر کوئی شخص چوتھے دن بھی قربانی کرتا ہے تو اس کی قربانی بالکل درست اور صحیح ہے۔ یہاں اس موضوع کی تفصیل کی گنجائش نہیں اس مسئلہ پر شیخ الحدیث حافظ محمد الیاس اثری حفظہ اللہ کی کتاب ''القول الانیق فی ایام التشریق'' بڑی مدلل اور مفصل ہے۔ جو کہ ہر خطیب کے پاس خصوصا ہونی چاہئے یا پھر ہمارے فاضل بھائی غازی اسلام رانا محمد شفیق خان پسروری حفظہ اللہ کی کتاب ''قربانی کے چار دن'' بڑی جامع ہے جس میں مذکورہ کتاب بھی نقل کردی گئی ہے اور دیگر مفید



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مباحث بھی اس میں درج ہیں۔

تفصیل کے خواہشمند ان کا مطالعہ ضرور کریں۔ اس میں مخالفین کے اعتراضات کے جوابات بھی دیئے گئے ہیں۔ بلکہ ہر خطیب' عالم دین اور طالب علم کے پاس یہ کتابیں ضرور ہونی چاہئیں۔

## قربانی کا گوشت

رسول کریم ﷺ نے پہلے یہ حکم فرمایا تھا کہ قربانی کا گوشت تین دن تک استعمال کیا جائے ان سے زیادہ دن نہ رکھیں لیکن بعد میں جب مسلمانوں کے حالات مالی طور پر مستحکم ہو گئے تو آپ ﷺ نے اجازت فرمادی حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں:

**عن النبی ﷺ انه نهی عن اکل لحوم الضحایا بعد ثلاث ثم قال بعد کلوا وتزودوا وادخروا** (مسلم:۲/۱۵۸، کتاب الاضاحی) ''رسول اللہ ﷺ نے قربانی کا گوشت تین دن کے بعد کھانے سے منع فرمایا پھر آپ ﷺ نے اس کے بعد فرمایا کہ تم کھاؤ بھی اور زادراہ بھی بنالو اور ذخیرہ بھی کرلو۔'' لیکن اس سلسلہ میں اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہئے کہ اس میں سے غرباء اور مساکین کا حق بھی ادا کیا جائے۔ ایسا نہ ہو کہ آج کے فریزر کے دور میں سارے کا سارا ہی ذخیرہ کرلیا جائے بلکہ دوسرے لوگوں کو بھی ان کا حصہ ادا کرنا چاہئے۔

## قربانی کا طریقہ

بہتر تو یہ ہے کہ قربانی اپنے ہاتھ سے ذبح کی جائے لیکن اگر کوئی دوسرا بھی ذبح کردے تو درست ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر 63 اونٹ خود اپنے دست مبارک سے ذبح کئے تھے اور 37 اونٹ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے ذبح کروائے۔

جانور کو لٹانے کے بعد رسول اللہ ﷺ یہ دعا پڑھتے: **بسم اللہ اللھم تقبل من محمد وآل محمد ومن امة محمد** ﷺ (مسلم:۲/۱۵۶، کتاب الاضاحی) ایک دوسری روایت میں ہے پھر آپ ﷺ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بسم اللہ واللہ اکبر کہتے (مسلم :ایضا)

اس لئے ہمیں بھی چاہئے کہ ہم قربانی اپنے ہاتھ سے ذبح کریں اگر کوئی دوسرا کردے تب بھی جائز ہے۔ ذبح سے پہلے چھری کو اچھی طرح تیز کرلیا جائے۔ ذبح کرنے والا اگر اپنی قربانی ذبح کررہا ہے تو وہ یہ دعا پڑھے: بسم اللہ اللھم تقبل منی ومن اھل بیتی بسم اللہ واللہ اکبر اور ذبح کردے۔ اگر وہ کسی دوسرے کی قربانی ذبح کررہا ہے تو پھر مِنّی کی جگہ اس شخص کا نام لے اور اھل بیتی کی بجائے اھلہ کہے اور ذبح کرے۔

## ضروری وضاحت

قربانی کرنے والے کیلئے ضروری ہے کہ اس کا عقیدہ توحید والا ہو جس میں شرک کی آمیزش و ملاوٹ نہ ہو اس کا ہر ہر عمل رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق ہو جس میں بدعت کی ملاوٹ نہ ہو۔ اس کی کمائی حلال ہو حرام مال سے خرید کردہ یا چوری کا چارہ وغیرہ ڈال کر پالی ہوئی قربانی قبول نہیں ہوگی۔ وہ خود نمازی ہو کیونکہ تارک صلوٰۃ (بے نماز) شخص کا تو ایمان ہی مشکوک ہے۔ اس طرح وہ قربانی خالصۃً اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی حاصل کرنے کیلئے کرے نہ کہ لوگوں میں شہرت کیلئے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن وحدیث کے مطابق زندگیاں بسر کرنے کی توفیق فرمائے اور شرک وبدعت کی گندگیوں سے محفوظ ومامون رکھے (آمین ثم آمین.)

اللھم وفقنا لما تحب وترضیٰ

☆☆☆☆☆



© rasailojaraid.com